دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

ڈپارٹمنٹ آف سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے این جی او میلہ دو ہزار چھبیس منعقد کیا۔ بارہ این جی اوز نے حصہ لیا

New Delhi, April 16, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں گزشتہ ہفتے سوشل ورک ڈپارٹمنٹ کا سبزہ زار این جی او میلہ 2026 کے لیے دلکش اور رنگین پلیٹ فارم میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ یہ اپنی نوعیت کا ایک اہم واقعہ تھا۔ میلے نے طلبہ اور این جی اوز کو ایک جگہ اکٹھا ہونے کا موقع فراہم کیا جس سے علمی اکائی اور سول سوسائٹی کے درمیان رابطہ مضبوط ہوا اور دونوں کے درمیان زیادہ سے زیادہ رابطے کو فروغ ہوا۔

تقریب کا افتتاح عزت مآب پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کیا۔ انہوں نے ہر اسٹال کا دورہ کیا، 12 حصہ لینے والے این جی اوز کے نمائندوں سے بات کی اور انہیں مبارک باد دی۔ پروفیسر آصف نے اپنے خطاب میں جدید معاشرے میں این جی اوز کی معنویت و اہمیت پر روشنی ڈالی اور طلبہ میں 'واپس لوٹانے کی روح' کو پروان چڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ پروفیسر زبیر مینائی (ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسز) نے بتایا کہ میلے کس طرح شعبہ اور اس کے ساجھیدار ایجنسیوں کے درمیان تعاون کو آگے بڑھاتے ہیں اور سوشل ورک کے طلبہ کے لیے اہم فیلڈ ورک سائٹس کے بطور کام کرتے ہیں۔ پروفیسر رویندر رمیش پاٹل، صدر شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے این جی او میلے کے وژن اور ایک مضبوط اکیڈمی-این جی او رابطہ استوار کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر ہیم بور کر نے کہا کہ میلہ ساجی کاموں میں عمل کے جذبے کو سموتا ہے جہاں نظریہ عمل سے جاملتا ہے۔ میلے کی تقریبات کے آغاز سے قبل قومی ترانے کی نغمہ سرائی کے ساتھ رسمی کارروائی کا اختتام ہوا۔

تقریب میں 12 مشہور این جی اوز نے شرکت کی۔

ہوپ پروجیکٹ

کمیونٹی ایڈ اسپانسر شپ پروگرام (CASP) - دہلی چیپٹر

انرجی اینڈ ریسورسز انسٹی ٹیوٹ (TERI)

گونج

چیشائر ہوم - دہلی چیپٹر

منزل ویلفیئر سوسائٹی

فاؤنڈیشن فار ایکویل سیٹیزن شپ (FFEC)

کتھا

لائٹ ہاؤس کمیونٹیز فاؤنڈیشن

مراٹھافیرل فاؤنڈیشن

دی کریٹیو تھنکرس فورم

بٹرفلائیز

ہر این جی او نے اپنے پیشہ ورانہ تربیتی مراکز میں ہاتھ سے بنی، ماحول دوست مصنوعات پیش کیں جو پسماندہ طبقوں کے افراد بشمول نوجوان، خواتین، اور معذور افراد کی مدد کرتی ہیں۔ اسٹالز میں متنوع قسم کی چیزیں تھیں، جن میں گیمز، فیس پینٹنگ، کوکیز، ہاتھ سے بنے ہوئے تھیلے اور ملبوسات شامل ہیں۔ ایک اہم بات بٹرفلائیز سکول آف کُلنری اینڈ کیٹرنگ کا فوڈ اسٹال تھا، جو پسماندہ خاندانوں اور بچوں کی نگہداشت کے اداروں سے تعلق رکھنے والے نوعمروں کو فنون لطیفہ، ٹیم ورک اور انٹرپرینیورشپ میں تربیت فراہم کرتا ہے۔

مشترکہ تقریب کی کامیابی کو معززین اور حاضرین نے یکساں طور پر سراہا اور میلے کے 'سبز سجاوٹ'، لاجسٹکس، مہمان نوازی، مواصلات اور پبلیسٹی کے ذمہ دار ڈپارٹمنٹ آف سوشل ورک کے MSW، BSW، HRM، اور ADPH پروگراموں کے طلبہ رضا کاروں کی انتھک کوششوں کی تعریف کی۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ